ادارہ

اخبار الاحرار

رہنمایانِ احرار کی تبلیغی و تنظیمی سرگرمیاں

==

☆نفاذِ شریعت پر سرحد حکومت کو مبارک باد

☆بجٹ غیر متوازن' حکمران اور ملک ایک ساتھ نہیں چل سکتے:

☆موجودہ حکمران اور ملک ایک ساتھ نہیں چل سکتے

امیر احرار سید عطاء المہیمن بخاری

لاہور (۸رجون) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ ایل ایف او کی موجودگی میں اسمبلیوں کا کوئی جواز نہیں۔ وہ دفتر مجلس احرار اسلام میں مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمران اور ملک ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔

مرکزی مجلس عاملہ نے موجودہ بجٹ کو غیر متوازن قرار دیا اور کہا کہ اس میں صرف امیروں کو جینے کا حق دیا گیا ہے اور غریبوں کا گلا گھونٹ دیا گیا ہے۔ مجلس عاملہ کے ارکان نے اپنی متفقہ قراردادوں میں کہا ہے کہ سرحد اسمبلی کے ارکان شریعت بل منظور کر کے پوری قوم کی طرف سے مبارک باد کے مستحق ہیں۔ حکومت' ملک کے اندرونی معاملات میں امریکی مداخلت بند کرائے۔

اجلاس میں چودھری ثناء اللہ بھٹہ، پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، میاں محمد اویس، مولانا محمد مغیرہ، مولانا عبدالنعیم نعمانی، چودھری ظفر اقبال ایڈووکیٹ، قاری محمد یوسف احرار، ملک محمد یوسف، شاہد محمود، چودھری محمد اکرام اور دیگر نے شرکت کی۔

داڑھی اور پردے کی توہین کر کے جنرل مشرف نے اسلامی شعائر کی توہین کی ہے

امیر احرار سید عطاء المہیمن بخاری کا رحیم یار خان میں اجتماع میں خطاب

رحیم یار خان (۱۳رجون) صدر جنرل پرویز مشرف کی جانب سے اسلامی شعائر' داڑھی اور حجاب سے متعلق توہین آمیز بیان پر مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی امیر ابن امیر شریعت سید عطاء المہیمن بخاری نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ جنرل پرویز مشرف نے نبی کریم ﷺ کی سنت کو چھوٹے ایشو کہہ کر اسلام کی توہین ہے۔ وہ گزشتہ ماہ المرکز جامعہ مدنیہ فاروق اعظم' سرکلر روڈ رحیم یار خان میں جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے جنرل پرویز مشرف کو

مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر تم مسلمان ہو تو بش تمہارا دوست نہیں ہے۔ اسلام کافروں کو دوست شمار نہیں کرتا جبکہ جنرل پرویز مشرف نے کافروں کو دوست بنالیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کو ختم کرا کے پاکستان کو بچانا' جہالت ہے۔ اسلام میں پڑوسیوں کے حقوق کی تاکید کی گئی ہے۔ اگر تم اقتصادی، معاشی اور صنعتی طور پر ترقی چاہتے ہو تو اللہ کا قانون اس ملک میں نافذ کردو۔

سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ افغانستان میں طالبان کی حکومت سے کفر کے دل میں مروڑ اٹھا تھا کہ یہاں ایک اسلامی حکومت قائم ہوگئی ہے۔ طالبان کی اسلامی حکومت نے اسلامی نظام رائج کر کے ایک مثال قائم کردی تھی۔ انہوں نے کہا کہ آج کل کے سیاست دانوں نے سیاست کو کاروبار بنایا ہوا ہے۔ عورت کو کاروبار کی زینت بنا دیا گیا ہے اور کہا جا رہا ہے کہ پردہ ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ جبکہ قرآن و سنت میں پردے کا حکم دیا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اسلامی نظام کے سوا کسی دوسرے نظام کو نہیں چلنے دیا جائے گا۔ دینی قوتیں' نفاذِ اسلام کے لیے متحد ہو کر جدوجہد کریں۔

عمر فاروق ہارڈ ویئر اینڈ مل سٹور

عمارتی و صنعتی سامان، ہارڈ ویئر، پینٹس، ٹولز، بلڈنگ میٹریل
گورنمنٹ سے منظور شدہ کنڈے، باٹ و پیمانہ جات

صدر بازار، ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462483

سلیم الیکٹرونکس

ڈاؤلینس ریفریجریٹر کے بااختیار ڈیلر

حسین آگاہی روڈ۔ ملتان فون: 061-512338